ایم ایس جی کالج مالیگاؤں میں 'روزگار میلہ' کامیاب

مالیگاؤں: اردو ٹائمز (نامہ نگار) بروز جمعرات ۶ مارچ ۲۰۱۹ کو ایم ایس جی کالج مالیگاؤں کے زیر اہتمام ایک "میگا جاب فیئر" کا انعقاد کیا گیا۔ صبح ۱۰ بجے سے شام ۵ بجے تک جاری اس روزگار میلے میں شہر مالیگاؤں اور تعلقہ کے دیہاتوں سے تقریباً ساڑھے چھ ہزار بے روزگار نوجوانوں نے شرکت کی۔ روزگار میلے کے انچارج جناب پرنیش بی سی ایس نے اخباری نمائندوں کو بتایا کہ ہم نے کل ۱۹۰۰ امیدواروں کا انتخاب کیا ہے۔ جنھیں مختلف کمپنیوں کی جانب سے ٹریننگ دی جائے گی۔ اس روزگار میلے میں ناسک، پونہ اور ممبئی سے ۳۶ کمپنیوں نے انٹرویو لئے اور ۱۹۱ امیدواروں کو جگہ پر آفر لیٹر دیا گیا۔ جس میں پانچویں جماعت کامیاب سے لیکر گریجویٹس بے روزگار نوجوان شامل ہیں۔ روزگار میلے میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی کمپنیوں میں فارمیسی، فائنانس، مارکیٹنگ، انجینئرنگ، مینوفیکچرنگ اور بی پی او شامل ہیں۔ اس جاب فیئر کا افتتاح مہاتما گاندھی ودیا مندر کے جنرل سیکریٹری جناب ادے ہیرے پاٹل نے کیا۔ نیز جاب فیئر کے اختتامیہ پروگرام میں انٹرویو میں انتخاب کئے گئے امیدواروں کو مہمانان کرام کے ہاتھوں آفر لیٹر بھی دیا گیا۔ آخر میں روزگار میلے کے ذمہ داران نے میڈیا سے گفتگو کی۔ اخباری نمائندوں سے جناب ادے ہیرے پاٹل نے کہا کہ اس طرح کے پروگرام ایم ایس جی کالج کی جانب سے آئندہ بھی منعقد کئے جائیں گے۔ ایم ایس جی کالج میں منعقد جاب فیئر میں اردو میڈیم کے بے روزگار تعلیم یافتہ نوجوانوں نے بہت ہی قلیل تعداد میں شرکت کی۔ البتہ مسلم طالبات اس روزگار میلے میں شریک نظر آئیں۔ شہر مالیگاؤں سینٹرل میں اس طرح کے روزگار میلے کی اشد ضرورت ہے۔

اقرا ایچ جے تھیم کالج میں مولانا ابوالکلام آزاد کی حیات وخدمات پر پروگرام کا انعقاد

جلگاؤں: اقرا ایچ جے تھیم کالج آف آرٹس اینڈ سائنس مہرون میں ابوالکلام آزاد کی حیات، جنگ آزادی میں انکی قربانیاں اور تعلیمی شعبہ میں کارہائے نمایاں پر ایک پروگرام کالج کے وسیع و عریض سیمینار ہال میں منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام کی صدارت اقرا ایجوکیشن سوسائٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالکریم سالار نے فرمائی۔ مہمان خصوصی کے طور پر کالج کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر اقبال شاہ، حاجی عبدالمجید زکریا، پرنسپل سید شجاعت علی، پروفیسر سہیل امیر شیخ، پروفیسر ابراہیم پنجاری، ڈاکٹر پروفیسر وقار شیخ، پروفیسر امین شیخ، اشرف بھاسرے، سر عبدالرشید خان و دیگر عمائدین شہر موجود تھے۔ مہمانان نے مولانا ابوالکلام آزاد کے کارہائے نمایاں سے طلبہ کو روشناس کرایا نیز جنگ آزادی میں مولانا کی قربانیوں پر مفصل روشنی ڈالی۔ اپنے صدارتی خطبہ میں ڈاکٹر عبدالکریم سالار نے ملک کے موجودہ حالات کے مدنظر مولانا ابوالکلام آزاد کے نقش قدم پر چلنے کی تلقین کی۔ انھوں نے مزید بتایا کہ مولانا تقسیم ہند کے کٹر مخالف تھے اور قومی یکجہتی کے علمبردار تھے۔ ان کی پوری زندگی کا اوسطاً ہر ہفتہ کا ایک دن جیل میں گزرا۔ اسی کے ساتھ صدر جلسہ نے "ذرا یاد کرو قربانی" کے عنوان سے مولانا پر ترتیب دیا گیا ایک کتابچہ اردو اور ہندی میں طلبہ اور مہمانوں میں تقسیم کروایا۔ نظامت پروفیسر قاضی مزمل الدین ندوی نے کی اور رسم شکریہ پروفیسر ڈاکٹر چاند خان نے ادا کی۔

عالمی یوم مراٹھی زبان کے موقع پر اردو اسکولوں میں تمام کام کاز مراٹھی زبان میں

اورنگ آباد: ۲۷ فروری عالمی یوم مراٹھی زبان کی مناسبت سے اورنگ آباد شہر کے ۷۵ اردو ہائی اسکول، ۵۵ اردو پرائمری اسکولوں میں یوم مراٹھی زبان منایا گیا۔ اورنگ آباد کی سماجی و تعلیمی تنظیم ریڈ اینڈ لیڈ فاؤنڈیشن نے اردو مدارس کے ذمہ داران سے اپیل و درخواست کی تھی کہ آج کے دن طلبا اور اساتذہ صرف مراٹھی زبان میں بات کریں گے۔ درخواست پر عمل کرتے ہوئے تقریباً شہر کے سبھی اردو اسکولوں میں بڑے جوش و خروش سے مراٹھی زبان دن منایا گیا۔ طلباء نے مراٹھی میں نظمیں، تقریریں اور ترانے پیش کیے اور دن بھر تمام کام کاز مراٹھی زبان میں کیا گیا۔ فاؤنڈیشن کی جانب سے اردو اسکولوں میں ریاستی زبان کو فروغ دینے، طلباء میں مراٹھی زبان کے تئیں بیداری و دلچسپی پیدا کرنے کے لیے پوسٹ کارڈ پر مراٹھی میں مضمون نویسی کا مقابلہ ایک مہم کا آغاز ۲۶ جنوری 2019 سے کیا گیا تھا۔ اس کے لیے 25000 پوسٹ کارڈ ۱۰۰ اسکولوں میں تقسیم کیے گئے تھے۔ ملک کی تاریخ میں پہلی بار اتنی بڑی تعداد پوسٹ کارڈ پر کوئی مقابلہ یا مہم چلائی گئی ہے۔ طلباء نے اپنی مادری زبان کے علاوہ کسی دوسری زبان میں اپنے خیالات کی تحریر کو ادا کیا ہے۔ 16500 طلباء نے ابھی تک بہترین خوشخط لکھ کر مراٹھی زبان سے دلچسپی کا ثبوت دیا۔ واضح رہے کہ ان میں [illegible] خطوط میں کچھ ہزار پوسٹ کارڈ ریاستی وزیر اعلیٰ، منسٹر اور علاقائی کمشنر کو شہری مسائل پر لکھے گئے ہیں۔

والی بال مقابلوں میں پانگل جونیئر کالج کی شاندار فتح

شولاپور: شولاپور ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفس اور میونسپل کارپوریشن شولاپور اسپورٹس آفیسر [illegible] صاحب کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقد کئے گئے ضلع سطح کے انڈر نائنٹین (انڈر 19) والی بال کے فائنل مقابلے میں ایم اے پانگل اینگلو اردو ہائی اسکول اینڈ جونیئر کالج آف آرٹس اینڈ سائنس شولاپور نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سوشل جونیئر کالج کو بری طرح شکست دے دی۔ جس کی بدولت اس فاتح ٹیم کا انتخاب ڈویژن مقابلوں کے لیے کیا گیا۔ اس ٹیم میں [illegible] کھلاڑی شامل تھے۔ اس ٹیم کو اسپورٹس ٹیچر [illegible] کی رہبری حاصل ہوئی۔ اس ٹیم کی اس شاندار کامیابی پر کالج کے پرنسپل ڈاکٹر ہارون رشید باغبان، معاون صدر مدرس [illegible] اور دیگر اسٹاف ممبران، والدین، سرپرست، طلباء و طالبات نے مبارکباد پیش کی۔

مولانا آزاد اسکول میں طلبہ کی الوداعی تقریب

مولانا آزاد اردو ہائی اسکول و جونیئر کالج [illegible] میں بارہویں جماعت کے طلبہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام میں بحیثیت مقرر الحاج انصار احمد صاحب کو مدعو کیا گیا۔ موصوف نے [illegible] حوالے سے پر مغز تقریر کرکے سامعین کا دل جیت لیا۔ اساتذہ کرام سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کرام ہمارے معاشرے کی وہ عظیم ہستیاں ہیں جو نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ اور مستقبل کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار کرتے ہیں۔ اساتذہ کے ساتھ ساتھ طلبہ کو عصر حاضر میں مسلم طلبہ کی مثبت و حقیقی کارکردگی سے روشناس کروایا اور مزید کہا کہ نوجوانوں کو چاہئے کہ وہ محنت کو اپنا شعار بنائیں۔ انتھک محنت سے کامیابی قدم چومتی ہے۔ ہمارے طلبہ مشرقی طرز زندگی کی بجائے مغربیت کی طرف راغب ہو رہے ہیں۔ کوئی بھی قوم کسی کی نقل کرکے کبھی بھی ترقی کے منازل طے نہیں کرسکتی۔ کسی بھی منزل پر پہنچنے کے لئے مسلسل چلتے رہنا اور ہمت ہونا ضروری ہے۔ پروگرام میں معزز شخصیات [illegible] صاحب اور [illegible] شیخ صاحب و جملہ اسٹاف نے شرکت فرمائی۔ پروگرام کی صدارت [illegible] صاحب نے کی۔ [illegible] و نظامت [illegible] خان [illegible] نے انجام دی۔

انجمن خیرالاسلام اردو ہائی اسکول کی شاندار کامیابی

ممبئی: مہاراشٹر کے معروف و مشہور تعلیمی ادارہ انجمن خیرالاسلام [illegible] اردو ہائی اسکول ٹرسٹ کی جانب سے انجمن خیرالاسلام اردو پرائمری اسکول مدنپورہ میں انٹر اسکول کمپیوٹر I T کوئز مقابلہ جو NIIT کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا جسمیں ایم ایس کے آئی ٹی گروپ اسکولس کے 10 اسکولوں نے حصہ لیا جو ششم، ہفتم، ہشتم جماعت کے طلبہ و طالبات پر مشتمل تھا۔ ہر کلاس سے ایک ایک طالب علم، تین طلبہ کے ایک گروپ پر مشتمل ہوتا تھا۔ اس مقابلے میں انجمن خیرالاسلام اردو مدنپورہ ممبئی ایم ایس کے آئی ٹی میں اول پوزیشن حاصل کی۔ گروپ کے تین طلبہ کے نام اس طرح ہیں: ششم جماعت کے انصاری عبدالرحمن محمد فاروق، ہفتم جماعت کے انصاری محمد حسن محمد اکرم، ہشتم جماعت کے انصاری محمد حذیفہ محمد اشرف جنھوں نے شاندار کامیابی حاصل کرکے اپنے اسکول کا نام روشن کیا۔ اس کامیابی میں اسکول کے صدر مدرس جناب محمد عارف صاحب اور کمپیوٹر ٹیچر انصاری [illegible] کی محنت اور کوششوں سے یہ شاندار کامیابی حاصل ہوئی۔ کمپیوٹر ٹیچر اور مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ کو صدر مدرس اور جملہ اسٹاف کی طرف سے مبارکباد پیش کی گئی اور انعامات سے نوازا گیا۔

اردو ٹائمز بزنس پلس بروز جمعرات ۷ / مارچ ۲۰۱۹ء

Are you fed up with your Security, Housekeeping, Pest Control & Other Facility Management Services at your Office & Residential Society, then contact us.....

A9
Integrated Facility Management Services
+91.22.6237 0701 / 02
mail@A9world.com
www.A9world.com

Security Management
Soft Service & Hygiene Solutions
Business Support Solutions
Pest Control Solutions
Technical Solutions
Specialised Solutions

Success Biker Point
NEW BIKE DEALER
All Kind of Finance, RTO & Insurance Done here
ACTIVA 5G 70500/- ON ROAD
Zero down payment.
Low rate of interest 10.20%
Lowest EMI
12 month 6888/-
24 month 3763/-
36 month 2721/-
Document Required
Pan Card, Aadhar Card, Light Bill, Bank Pass Book, Ration Card, 4 Cheque And 3 Photos
Mastan: 9076474754 Sam: 9664016847
Irfan: 8104369587 Kalpesh: 9137505401
Shop No. 1, Yasin Chawl, Near Bostan Hotel, S.V. Road Jogeshwari (W), Mumbai-400102

کرناٹک کی کرامتی دوا ممبئی میں عروج پر
SALAMAT
HERBAL CARE CENTRAL SANGH
Govt. Regd No.: 411(R.M.P.)
Hakeem Haji Mirza Ilyas Baig Ameer baig Inamdar
BANK A/C NO. IFCSYNB0000513 SYNDICATE BANK: M. ILYAS BAIG INAMDAR
BRANCH: HUKKERI DIST. BELAGAM(KARNATAKA)
سنہری جوشاندہ
ایک دوا سے ان بیماریوں کا علاج
600/-
دائمی نزلہ
شاندار بدن 600/-
اداس ماہ واری 300/-
022-23007188 / 8097388502

عثمانیہ فائن پرنٹنگ ورکس
OSMANIA FINE PRINTING WORKS
23776305
9820278634
9004440067
PAPER BAG STARTING FROM RS. 10
Commercial & Office Stationery
Brochures
Paper Bags
Wedding Cards
Stickers
Files & Folders
Calendars

اپنے کاروبار کو فروغ دیں
بزنس پلس میں اشتہارات کیلئے رابطہ کریں
☎ 022-2370 0500
022-2370 0011
8100664499

محمدی اردو اسکول کی جہاں آراء عفان کو اعزاز سے نوازا گیا

بھیونڈی: [illegible] کے موقع پر محمدی اردو ہائی اسکول [illegible] کی ٹیچر شیخ جہاں آراء عفان کو انعام سے نوازا گیا۔ جہاں آراء میڈم کے "ویڈیو ٹیچنگ" کی پیش کش کو سبھی نے بہت پسند کیا اور اسے انعام کا حقدار قرار دیا۔ اس موقع پر میڈم کی خدمت میں سرٹیفکیٹ پیش کیا ساتھ ہی اسکول کی پرنسپل فرحت خان صاحبہ کو بھی مبارکباد پیش کی گئی۔ اس پروگرام میں ممبئی ریجن کی کئی اسکولوں نے شرکت کی۔ اس ورکشاپ میں تقریباً تمام ہی اسکولوں کے اساتذہ نے اپنی پیش کش (Presentation) کو یہاں پیش کیا۔ اس میں محمدی اسکول کی نمائندگی کرتے ہوئے جہاں آراء میڈم نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنا اور اسکول کا نام روشن کیا۔ ان کی اس کارکردگی پر تمام ہی اساتذہ و انتظامیہ کے اراکین نے میڈم کو مبارکباد پیش کی۔

معروف شاعر منظور ندیم کو ادبی ایوارڈ "نشانِ ادب" تفویض

گذشتہ کل ۵ مارچ کو ادارہ دعوت المسلمین ویلفیئر ٹرسٹ مہاراشٹر کے زیر اہتمام بائیسواں کل ہند مسابقۃ القرآن الکریم بمقام حج ہاؤس نزد سی ایس ٹی ریلوے اسٹیشن ممبئی منعقد ہوا جس کی صدارت حضرت مولانا [illegible] ندوی ازہری نے فرمائی۔ اس دو روزہ پروگرام کی آخری تقریب میں ۵ مارچ منگل کی شام مستحقین انعامات کو معززین شہر کے ہاتھوں انعامات کی تقسیم کے علاوہ چند اصحاب کو مختلف شعبہ ہائے حیات میں نمایاں کارکردگی کی انجام دہی پر خصوصی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔ اس تقریب کی نظامت ٹرسٹ کے بانی و صدر مولانا محمد شاہد الناصری الحنفی نے فرمائی۔ اس سلسلے میں جناب الحاج ڈاکٹر ظہیر قاضی صاحب صدر انجمن اسلام ممبئی کے ہاتھوں شعبہ علم و ادب کیلئے اس سال کا "نشانِ ادب" ایوارڈ علاقہ ودربھ کے معروف شاعر جناب منظور ندیم سابق سیشن جج اکولہ کو تفویض کیا گیا۔ [illegible] عشائیہ کے بعد [illegible] یہ پروقار و بابرکت ادبی تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

خاتون ملازمین کے لئے طبی جانچ کیمپ کا انعقاد

علی گڑھ: علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (اے ایم یو) کی میڈیکل ایڈ بلس اسکیم کے زیر اہتمام اے ایم یو کے ویمنس کلب اور انٹرنل کمپلینٹس کمیٹی کے تعاون سے "یوم خواتین" کے تحت یونیورسٹی کی خواتین ملازمین کے لئے منعقد طبی جانچ کیمپ میں ۱۰۰ سے زائد خواتین کی صحت جانچ کی گئی۔ کیمپ کا افتتاح اے ایم یو کے وائس چانسلر پروفیسر طارق منصور نے کیا۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر پروفیسر ایم ایچ بیگ کے علاوہ وائس چانسلر کی اہلیہ ممتاز ماہر امراض اطفال ڈاکٹر حمیدہ طارق بھی موجود تھیں۔ ایم اے ایس کے ڈائرکٹر پروفیسر حماد عثمانی نے بتایا کہ اس کیمپ میں بڑی تعداد میں خواتین نے اپنی طبی جانچ کرائی۔ ان کے علاوہ چند مرد ملازمین کی بھی طبی جانچ کی گئی۔ انھوں نے بتایا کہ اس کیمپ میں نئی دہلی کے فورٹس ایسکورٹس ہسپتال کے معالجین کی جماعت کے علاوہ جواہر لعل نہرو میڈیکل کالج کے مرکز برائے امراض قلب کے ڈاکٹر ملک محمد اظہر الدین، میڈیسن شعبہ کی ڈاکٹر [illegible]، شعبہ امراض نسواں کی ڈاکٹر [illegible] اور شعبہ امراض چشم کے ڈاکٹروں نے کیمپ میں آنے والوں کا طبی معائنہ کیا۔

شاعر مرحوم سید یٰسین تونڈاپوری کی رحلت پر تعزیتی نشست

جلگاؤں: الفلاح فاؤنڈیشن جلگاؤں کے زیر اہتمام بزم اردو ادب کی جانب سے خاندیش کے استاد و معروف شاعر سید یٰسین تونڈاپوری کی رحلت پر الحاج عبدالغفار ملک کی زیر صدارت کانتی لال (شنی پیٹھ) میں ایک تعزیتی نشست کا انعقاد عمل میں آیا۔ جس میں بزم کے صدر ڈاکٹر عبدالکریم سالار، ڈاکٹر طاہر شیخ، حاجی صابر مصروفی، جاوید انصاری (جلگاؤں آکاش وانی)، معروف افسانہ نگار رشید قاسمی، معین الدین عثمانی، وسیم عقیل شاہ، معروف شاعر انیس کنجی، قیوم اثر، اخلاق نظامی، [illegible] عبدالکریم بھوکاوری، مشتاق ساحل، مختار صدیقی [illegible] کے علاوہ عبدالعزیز سالار، محمد شفیع عبداللہ، مشتاق سالار، بشیر پٹیل و دیگر عمائدین شہر نے شرکت کی۔ اس موقع پر جاوید انصاری نے کہا کہ سید صاحب کی یہ خصوصیت تھی کہ جو ایک بار ان سے ملتا ان ہی کا ہو کر رہ جاتا۔ رشید قاسمی نے کہا کہ ان کی شاعری راست دل میں اترتی تھی۔ معین الدین عثمانی نے انھیں ادب کے تئیں مخلص قرار دیا۔ مشتاق کریمی نے کہا کہ کم تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود وہ کسی بھی زمین پر فی البدیہہ غزل کہنے میں ماہر تھے۔ الفلاح کے صدر ڈاکٹر عبدالکریم سالار نے کہا کہ وہ ایک منفرد قسم کے انسان تھے جبکہ صدر جلسہ الحاج عبدالغفار ملک نے انھیں سادگی اور خلوص کا پیکر قرار دیا۔ حافظ مشتاق ساحل نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔ مرحوم کے ادبی سرمایہ کو یکجا کرکے کتابی شکل دینے کا اعلان بزم اردو ادب جلگاؤں کی جانب سے کیا گیا۔ نشست کی نظامت مشتاق کریمی نے کی اور رسم شکریہ ڈاکٹر پروفیسر وقار شیخ نے ادا کیا۔ اس موقع پر معروف شاعر مشتاق ساحل نے مرحوم سید تونڈاپوری کو اپنی شاعری سے خراج تحسین پیش کرکے مرحوم کی زندگی کے مختلف پوشیدہ پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔

All rights reserved. Reproduction or misrepresentation of material available on this website in any form is infringement of copyright and its strictly prohibited.
Maintained By Acaira Technologies Pvt Ltd